Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۰ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۶ دسمبر ۱۹۳۳ء { جلد ۲۵

حصّۂ اوّل

خلاصۂ احکام اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رہائی قیدیان بتقریب سالگرہ ہر ہائینس بیگم صاحبہ	۲
(۲)	ترمیم نظام نامہ عدالتہائے مال۔	۲ و ۳
(۳)	معافی لگان آراضی ذوالفقار کلب بتقریب سالگرہ	۴
(۴)	رخصت لفٹنٹ عبدالغفار خاں۔	〃
(۵)	رخصت کپتان عبدالقادر خان صاحب۔	۵
(۶)	رخصت اکاونٹنٹ جنرل صاحب بہادر۔	〃
(۷)	رخصت انجنیر صاحب واٹر ورکس۔	〃
(۸)	بحالی ریاست و تکمیل تنخواہ عبدالحکیم خان مرزا بتقریب سالگرہ	۶
(۹)	رخصت چیف انجنیر صاحب بہادر تعمیرات۔	〃
(۱۰)	منظوری سنہ فصلی بجائے سنہ عیسوی برائے حسابات اسپتال	۶ و ۷
(۱۱)	منظوری نقشہ تعطیلات سنہ ۱۹۳۴ء	۷ تا ۹
(۱۲)	رخصت لفٹنٹ کرنل امیر تقی صاحب۔	۱۰
(۱۳)	رخصت اکاونٹنٹ جنرل صاحب بہادر۔	〃

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

روبکار: واقع ۹ ردسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

بتقریب جشن سالگرہ مہرو قمر بیگم صاحبہ مندرجہ ذیل چھ قیدیوں کی معافی بقیہ قید جیل سے رہا کیا جانا منظور ہے۔

صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل تاریخ ۱۰ ردسمبر ۱۹۳۳ء یوم سالگرہ قیدیان کو حسب قاعدہ رہا کرا کر رپورٹ تعمیلی پیش کریں

(۱) چمن میاں ولد لڈمیاں ساکن حلقہ تھانہ حجیانی

(۲) قدرتعلیخاں ولد ہدایت علیخاں عرف ننھے خاں۔ ساکن گھیر سیف الدینخاں۔

(۳) امیراحمدخاں ولد حبیب احمدخاں جرم دفعہ ۳۹۵ ت

(۴) کندن ولد تلارام جرم دفعہ ۴۱۰ ت

(۵) بدہن ولد شاہ ولی جرم دفعہ ۴۰۳ ت

(۶) چھتر سنگھ ولد بلدیو سنگھ جرم دفعہ ۱۱ء ت

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

روبکار ہذا جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسلہو بمنشائے حکم ہمایوں کارروائی فرمائیجائے۔ سررشتہ سے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط خاص جناب صاحب چیف منسٹر

۹ ردسمبر ۱۹۳۳ء

روبکار۔ واقع ۹ ردسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

مسودہ ترمیم نظام نامہ عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۳۳ء مشمولہ ہذا حسب تحریک صاحب ریونیو منسٹر بہادر کمیٹی قانون ساز مال میں پیش ہو کر پاس ہو چکا ہے۔ ملاحظہ ہوا۔ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو۔ روبکار ہذا کی ایک نقل مع نقول عرضداشت و ترمیم نظامنامہ درج گزٹ ہو۔

بمنشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۹ ردسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط خاص صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

نظامنامہ عدالت ہائے مال مطبوعہ گزٹ ۵ جولائی ۱۹۳۳ء کی ترمیم کے متعلق صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے تجویز پیش کی تھی جو کمیٹی قانون ساز مال میں پیش ہو کر پاس ہوئی صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے اس سے اتفاق رائے کیا ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور پر نور میں پیش ہیں۔ ترتیب خواہ مستدعی ہے کہ بموجب ترمیم نظامنامہ

عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۳۳ء مشمولہ حکم منظوری اور اندراج گزٹ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد۔

عرض

ترقیم ۹ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

ترمیم نظامنامہ عدالت ہائے مال ریاست رامپور ۱۹۳۳ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نظامنامہ عدالتہائے مال ریاست رامپور مطبوعہ گزٹ ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء کی دفعات مندرجہ تحت میں ترمیم و تصحیح کیجائے۔

لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:۔

(۱) دفعہ ۲ میں بعد الفاظ "جملہ ڈگریات و احکام مصدرہ ناظم صاحب" لفظ "کا" اضافہ کیا جائے۔ اور اسی دفعہ میں بعد الفاظ "بپابندی قانون" الفاظ "دفعہ ۱۰ ضابطہ دیوانی" اضافہ کئے جائیں۔ اور "حاکم" کے بعد لفظ "کے" قلمزد کیا جائے۔

(۲) دفعہ ۸ میں بعد الفاظ "جملہ احکام و ڈگری ہائے مصدرہ تحصیلداران" الفاظ "و ناظم صاحبان" اضافہ کئے جائیں۔

(۳) دفعہ ۹ میں بعد الفاظ "جس میں دو ممبران اعلے مال کی رائے کا اتفاق" لفظ "نہ" اضافہ کیا جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

روبکار:۔ واقع ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط شدہ کا نفاذ بعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ "قواعد انتخاب ممبران میونسپلٹی" میں جن جن مقامات پر الفاظ "ہوم منسٹر" تحریر ہیں انکی بجائے "منسٹر انچارج میونسپلٹی" تحریر کئے جانے کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء (دستخط نادر صاحب چیف منسٹر بہادر)

اعلیحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض

"قواعد انتخاب ممبران میونسپلٹی مطبوعہ گزٹ ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء" خبابعالی میں اکثر جگہ "صاحب ہوم منسٹر" تحریر ہے اسکی بجائے "منسٹر انچارج میونسپلٹی" لکھے جانے کی ضرورت ہے۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے پیشگاہ ہمایوں سے صدور حکم اجازت کیلئے رپورٹ کی ہے۔ جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے ترقیم ۹ مستدعی ہے کہ "قواعد انتخاب" مذکور میں بجائے الفاظ "ہوم منسٹر" کے الفاظ "منسٹر انچارج میونسپلٹی" تحریر کئے جانے کی اجازت حکم پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

عرض

عرضداشت ترقیم ۹ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

روبکار :- واقع ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

بدستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب سالگرہ ہر ہائنس بیگم صاحبہ آراضی فیلڈ متعلق "ذوالفقار کلب" کا لگان عہ؎ سالانہ پرمستقل معاف کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بتشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۹ دسمبر ۱۹۳۳ء (دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر)

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میرسانہ

جناب عالی

آراضی بالسی جو محمد اسمٰعیل خان صاحب عرضی گذار کے پسر کے نام مالگذاری روپیہ سالانہ پر ٹھیکہ میں ہے۔ اس آراضی میں "ذوالفقار کلب" کے کھیل کا فیلڈ واقع ہے

محمد اسمٰعیلخان عرضی گذار اس کلب کے پریسیڈنٹ ہیں۔ بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں آراضی فیلڈ کے لگان تعدادی چالیس روپیہ سالانہ کی معافی کے مستدعی ہیں اور عرضی میں ظاہر کیا ہے کہ "ینگ مینس رامپور" کے فیلڈ کی آراضی کا لگان بھی معاف ہے۔ "ینگ مینس کلب" کے فیلڈ کے بھی معافی کی صاحب ایکزیکٹیو افسر میونسپلٹی نے سفارش کی ہے کاغذات مرسلہ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

ذریعہ عرضداشت برائے صدور حکم حضور انور پیش ہیں۔

زیادہ حد ادب دولت جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

ذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت تین یوم معطلی لفٹنٹ عبدالغفار خان صاحب قائم مقام اسپشل آفیسر از ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء بغرض روانگی ہو تعیلسانہ بحضور بندگان عالی صوبہ دار محمد جان خان

بموجب رپورٹ لفٹنٹ عبدالغفار خان قائم مقام اسپشل آفیسر

قضا انفنٹری کی ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء سے تین یوم کی رخصت منظور ہے ایام رخصت میں صوبہ دار محمد جان خان ذمہ دار رہیں گے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

بتشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

۹ دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریرات صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر
و صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے
منظوری رخصت ایک ماہ مطلوبہ کپتان
عبدالقادر خان صاحب کمانڈنٹ فورث
بوجہ علالت خود بذمہ داری لفٹنٹ
کرنل امتیاز علی خان بہادر

حکم

بموجب رپورٹ. کپتان عبد القادر خاں کمانڈنٹ فورث
کی رخصت ایک ماہ منظور ہے. ایام رخصت میں لفٹنٹ
کرنل امتیاز علیخان بہادر کام کے ذمہ دار رہیں گے
کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از
سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں
آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے.

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں. آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر
جاری کیا جائے.

۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء (دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

واقع ۱۱ر دسمبر ۱۹۳۳ء

صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر کی ایک یوم
۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی رخصت اتفاقیہ اور ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء
یوم تعطیل کی اجازت قبل ازیں اجلاس ہمایوں سے
منظور ہو چکی ہے. اب دو یوم رخصت اتفاقیہ ۱۱ر
۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی مزید استدعا ہے. لہذا بشمول
یوم تعطیل مذکورہ بالا تین یوم کی رخصت اتفاقیہ
از ۱۰ر دسمبر تا ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء بذمہ داری سینیر
سپرنٹنڈنٹ منظور کی جاتی ہے
حکم مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے
احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو.

(ہائی آرڈر)

(دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر)

حکم

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر باستدعائے
صدور حکم نسبت منظوری رخصت اتفاقیہ
پانچیوم مطلوبہ بابو کریم اللہ صاحب انجنیر واٹرورکس
از ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء بغرض شرکت شادی
عزیز خود

بموجب رپورٹ. بابو کریم اللہ انجنیر واٹرورکس
کی پانچیوم کی رخصت ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء سے منظور ہے
کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ
صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں.

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

[illegible]

روبکار:- واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

چونکہ حسب گزارش آمنہ بیگم صاحبہ عبد الحکیم خاں (زوجہ) سوٹ کیس ورثا ہردوار بیس روپیہ کی سابقہ تنخواہ و پچیس پیسہ ماہوار اور سابق تبادلہ رنگ ہیڈ ڈرایوری کی بحالی منظور ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

ملاحظہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید پانچیوم مطلوبہ صاحب چیف انجینیر بہادر از ۱۳ر لغایتہ ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۳ء بغرض شرکت شادی عزیزہ و بہ صراحت کہ دوران رخصت میں صاحب ریونیو منسٹر بہادر خود کارہائے تعمیرات کی نگرانی کریں گے

بموجب رپورٹ صاحب چیف انجینیر بہادر تعمیرات کی پانچ روز کی رخصت ۱۳ر دسمبر ۱۹۳۳ء سے منظور ہے۔ ایام رخصت میں صاحب ریونیو منسٹر بہادر کارہائے تعمیرات کی خود نگرانی کریں گے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بموجب رپورٹ حسابات صیغہ مال کا مطابق سنہ فصلی مرتب رکھا جانا منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی!

پہلے بجٹ مصارف اکتوبر لغایتہ ستمبر منظور ہوتا تھا اور ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء میں ہفت ماہہ بجٹ اکتوبر ۱۹۳۲ء لغایتہ ۳۰ر اپریل ۱۹۳۳ء منظور ہوا تھا۔ اور سال حال کا بجٹ یکم مئی ۱۹۳۳ء لغایت آخر اپریل ۱۹۳۴ء منظور ہوا ہے۔ نیز آئندہ بھی اسی طرح بجٹ مرتب کئے جانے کا حکم ہے۔ صیغہ مال سے سالانہ رپورٹ مرتب ہوا کرتی ہے اور سنہ فصلی یکم جولائی سے شروع ہو کر ۳۰ر جون کو ختم ہوتا ہے۔ اور مطالبہ کا حساب باعتبار سنہ فصلی رکھا جاتا ہے۔ پہلے اکتوبر لغایتہ ستمبر بجٹ منظور ہونے کی صورت میں بحساب صیغہ مال سال سنہ فصلی کی جملہ اقساط مالگزاری نومبر و دسمبر فروری و مئی

جون آجاتی ہیں۔ بجٹ سال ۱۹۳۳-۳۴ء اکتوبر ۱۹۳۳ء لغایت
اپریل ۱۹۳۴ء کو منظور ہوا تھا اس میں سال ۱۳۴۲ف کے
نومبر و دسمبر ۱۹۳۳ء اور فروری ۱۹۳۴ء کی صرف تین
اقساط مالگذاری آئیں اور ۱۳۴۲ف ۳۰ جون ۱۹۳۴ء تک
رہا اس سے ۱۳۴۲ فصلی کی دو قسطیں بجٹ سال ۱۹۳۴-۳۵ء
میں شامل ہوئیں۔ اور چونکہ یکم جولائی ۱۹۳۴ء سے ۱۳۴۳ف
شروع ہوا ہے۔ جو ۳۰ جون ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگا۔ لہذا نومبر
و دسمبر ۱۹۳۴ء اور فروری ۱۹۳۵ء کی تین اقساط مالگذاری
بجٹ سال حال منظور شدہ میں آئے گی۔ اور مئی و جون
کی اقساط آئندہ بجٹ ۱۹۳۵-۳۶ء میں شامل ہونگی۔ اس طرح
آئندہ بجٹ من ابتدائے مئی لغایتہ اپریل مرتب و منظور
ہونے کی حالت میں دو سنہ فصلیوں کا آنا لازمی ہوگا
اور چونکہ مال میں وصول کا انحصار فصل پر ہے۔ اور مطالبہ
مالگذاری کا حساب باعتبار سنہ فصلی رکھا جاتا ہے
اس لئے صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی استدعا ہے کہ
حسابات مال سنہ فصلی کے مطابق رکھے جائیں ورنہ
جزو سال کے حسابات میں صحیح بقایا کا معلوم کرنا دشوار ہوگا
اور دو سال کا حساب دیکھنا پڑے گا۔ نیز سالانہ رپورٹ
۱۹۳۳-۳۴ء ہفت ماہہ اکتوبر ۱۹۳۳ء لغایت اپریل ۱۹۳۴ء کی
تیاری میں بھی دشواری ہے کہ سال مذکور میں سنہ فصلی
کی تین اقساط نومبر و دسمبر ۱۹۳۳ء اور فروری ۱۹۳۴ء
آئیں بقیہ دو اقساط مئی و جون ۱۹۳۴ء بجٹ سال ۱۹۳۴-۳۵ء
میں شامل آگئیں۔ اور اس صورت میں ہر موضع کا
مطالبہ قائم کرنا جسکے مقابلہ میں واصلباقی ہو دشوار ہے
اور بصورت موجودہ آئندہ ہر سال ان دشواریوں
کا سامنا ہوگا۔ ایک سال فصلی کا مطالبہ مالگذاری
دو سال کی آمدنی میں شامل ہوجائے گا اور ہر موضع
کا حساب وصول باقی دیکھنے کی حالت میں دو سال کا حساب
دیکھنے کی ضرورت پیش آئیگی۔ گورنمنٹ یو۔ پی میں بھی
صیغہ مال کی آمدنی کا حساب مطابق سنہ فصلی مرتب ہوتا
ہے۔ صاحب فنانس منسٹر بہادر کی رائے ہے کہ حسابات
صیغہ مال اگر باعتبار سنہ فصلی مرتب ہوں تو کوئی
مضائقہ نہیں ہے۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت
برائے صدور حکم حضور انور میں پیش ہیں۔

زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

ترجمہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۳۳ء

بنائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۲ دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :- واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ نقشہ تعطیلات ۱۹۳۴ء
منسلکہ کی منظوری با یزادی مہر چہار تعطیلات مصرحہ عرضداشت
دیجاتی ہے۔ حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے
احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرض — میر سانہ

جناب عالی

نقشہ تعطیلات برائے سال ۱۹۳۴ء صدر سے مرتب ہو کر
آیا ہے۔ حجۃ الاسلام آغا صاحب طباطبائی اور جناب قاضی صاحب
شہر اور پنڈت داسودر داس صاحب نے نقشہ تعطیلات کو دیکھ لیا ہے
ترجمہ فدوی عرض پرداز ہے کہ کرسمس کی صرف ایک تعطیل
"نیو ایرس ڈے" ملتی ہے۔ "بڑا دن" یوم تبرک ہے اسکی

کوئی تعطیل نہیں ہے۔ اگر بڑے دن کی دو تعطیلیں ۲۵ر و ۲۶ر دسمبر کی اور ہندوؤں میں جنم اسٹمی مبارک پر ایک تعطیل جنم اسٹمی کی اور گنگا اشنان کی ایک تعطیل جملہ چار تعطیلیں عطا ہو جائیں تو عین پرورش ہے۔ کاغذات ذیلہ معروضداشت حضور انور معین پیش ہیں۔ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری نقشہ تعطیلات ۱۹۳۴ء بایزادی ہر چہار تعطیلات شرف نفاذ پائے۔ بعد صدور حکم منظوری یہ چار تعطیلیں نقشہ میں ایزاد ہو کر اندراج گزٹ و طبع نقشہ جات کی کارروائی ہوگی۔

زیادہ حد ادب آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرضی

زیر قلم دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام مناسب جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ نقشہ تعطیلات میں ہر چہار تعطیلات مصرحہ عرضداشت بڑھا دیجائیں۔

۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

نقشہ تعطیلات بابت سال ۱۹۳۴ء

(۱) تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمہ جات کے لئے منظور کیجاتی ہیں

(۲) چندر گرہن جس شب کو ہو روز آیندہ اور سورج گرہن جس دن ہو اسی دن تعطیل ہوگی۔

(۳) علاوہ تعطیلات مندرجہ کے معمولی تعطیل بروز جمعہ ہفتہ وار ہوا کرے گی۔

(۴) تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر ضرورت خاص کے استجازت کی ضرورت نہوگی۔ لیکن ملازم بغیر اجازت افسر اپنے ہیڈ کوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا۔

(۵) تعطیلات پر پیشہ کار سرکار مقدم متصور رہوگا۔

(۶) رویت ہلال کے مقدم موخر ہونے سے ترمیم ہو سکے گی

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایر ڈے	۱۴ر رمضان ۱۳۵۲ھ	یکم جنوری ۱۹۳۴ء	ماگھ بدی پڑوا سمبت ۱۹۹۰	دوشنبہ	۱	
۲	شہادت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ لغایتہ ۲۱ر رمضان	۶ لغایتہ ۸ جنوری	ماگھ بدی چھٹ	شنبہ تا دوشنبہ	۳	
۳	عید الفطر	یکم شوال	۱۷ و ۱۸ر جنوری	ماگھ بدی تیج	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۴	بسنت پنچمی	۴ر شوال	۲۰ر جنوری	ماگھ سدی پنچمی	شنبہ	۱	
۵	ہولی	۱۳ر ذیقعد	۲۸ر فروری و یکم مارچ	پھاگن سدی چترشی	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۶	یوم مبارک حج	۹ر ذالحجہ	۲۵ر مارچ	چیت بدی اسٹمی سمبت ۱۹۹۱	یکشنبہ	۱	
۷	عید الاضحی	۱۰ر ذالحجہ	۲۶ لغایتہ ۲۸ر مارچ	چیت بدی اکادشی	دوشنبہ لغایتہ چہارشنبہ	۳	
۸	عید غدیر	۱۸ر ذالحجہ	۳ر اپریل	چیت سدی چوتھ	سہ شنبہ	۱	

نمبر	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ انگریزی	تاریخ ہندی	دن تعطیل	تعداد ایام	کیفیت
۹	محرم الحرام	یکم محرم الحرام لغایت ۱۲ر محرم الحرام	۱۹ر لغایت ۳۰ر اپریل	بیساکھ سدی [illegible]	دوشنبہ لغایت جمعہ	۱۲	
۱۰	سالگرہ ملک معظم	۰	۰	۰	۰	۰	جو تاریخ مقرر ہو
۱۱	چہلم	۲۰ر صفر	۳ر جون	جیٹھ بدی تین	دوشنبہ	۱	
۱۲	بارہ وفات شریف	۱۲ر ربیع الاول	۲۵ر جون	جیٹھ سدی تیرس	دوشنبہ	۱	
۱۳	ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ر ربیع الاول	۳۰ر جون	اساڑھ بدی چوتھ	سہ شنبہ	۱	
۱۴	چاند گرہن	۱۳ر ربیع الثانی	۲۹ر جولائی	اساڑھ سدی پورنماشی	پنجشنبہ	۱	
۱۵	جنم اشٹمی	۲۱ر جمادی الاول	یکم ستمبر	بھادوں بدی اشٹمی	سہ شنبہ	۱	
۱۶	درگا اشٹمی	۹ر رجب	۱۶ر اکتوبر	کنوار سدی آٹھیں	سہ شنبہ	۱	
۱۷	دسہرہ	۱۰ر رجب	۱۷ر اکتوبر	کنوار سدی دسمی	چہارشنبہ	۱	
۱۸	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ر رجب	۲۰ر اکتوبر	کاتک بدی پڑوا	سہ شنبہ	۱	
۱۹	دیوالی	۲۸ر رجب	۵ر و ۶ر نومبر	کاتک بدی اماوس	چہارشنبہ پنجشنبہ	۲	
۲۰	سالگرہ اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم	۹ر شعبان	۱۷ر نومبر	کاتک سدی اکادشی	سہ شنبہ	۱	
۲۱	گنگا اشنان	۱۳ر شعبان	۲۱ر نومبر	کاتک سدی پورنماشی	چہارشنبہ	۱	
۲۲	سالگرہ عالیجناب نواب ولیعہد بہادر	۱۴ر شعبان	۲۲ر نومبر	اگہن بدی پڑوا	پنجشنبہ	۱	تعطیل شب برات شامل ہے
۲۳	ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ر شعبان	۲۳ر نومبر	اگہن بدی دوج	جمعہ	۱	
۲۴	سالگرہ عالیجناب پرنس بیگم صاحبہ دام اقبالہا	۲ر رمضان	۱۰ر دسمبر	اگہن سدی چوتھ	دوشنبہ	۱	
۲۵	یوم کلاں	۱۷ر و ۲۰ر رمضان	۲۵ر و ۲۶ر دسمبر	پوس بدی [illegible]	سہ شنبہ چہارشنبہ	۲	
۲۶	شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ر لغایت ۲۱ر رمضان	۲۷ر لغایت ۲۹ر دسمبر	پوس بدی چودس	پنجشنبہ لغایت شنبہ	۳	

حکم:-

واقع ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے عطائے اجازت تعطیل یوم الجمعہ (۱۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء) منظوری رخصت دو یوم (۱۶ر و ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۳ء) علاوہ لفٹنٹ کرنل آئیرنیتی صاحب کمانڈنگ افسر فورسٹ رامپور رضا انفنٹری بغرض روانگی دہلی بضرورت نجی۔ بانچارجی لفٹنٹ کرنل عبدالقدیر خانصاحب۔

برجب رپورٹ۔ لفٹنٹ کرنل آئیرنیتی صاحب کی دو یوم ۱۶ر و ۱۷ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی رخصت اتفاقیہ باجازت استفادہ از تعطیل جمعہ منظور کیجاتی ہے۔ لفٹنٹ کرنل عبدالقدیر خان بزمانہ رخصت انچارج رہیں گے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری ہو

بمشائے حکم ہمایوں سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:-

واقع ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب فنانس منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت مزید اتفاقیہ ایک یوم ۱۳ر دسمبر ۱۹۳۳ء، مسطورہ صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر بسلسلہ رخصت سابقہ جنکے کام کا انتظام کر دیا گیا ہے

حکم

بموجب رپورٹ صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر کی ایک یوم ۱۳ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی مزید رخصت اتفاقیہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے۔ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمشائے حکم ہمایوں سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۴ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر